79 Music :- Koshan.

ہیرا فلمز کا پیش کردہ

Good

[illegible]

123

اداکاران
جمنا، کماری، شیام
ممتاز، بیبو، وغیرہ
[illegible]

[illegible]

قیمت ۱

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

چاندنی چوک کے گانے

نمبر ۱

زمین بھی وہی ہے وہی آسماں۔ مگر اب وہ دلّی کی گلیاں کہاں
یہاں پر ٹھکانا کسی کا نہیں - یہ ظالم زمانہ کسی کا نہیں
یہاں لُٹ گئے کتنے ہی کارواں۔ الٰہی وہ دلّی کی گلیاں کہاں
محبت نگاہوں میں باقی نہیں۔ وہ محفل نہیں ہے وہ ساقی نہیں
ہوئی بند انسانیت کی دُکاں۔ کہاں کھوئیں وہ دلّی کی گلیاں کہاں
گیا موسم گُل بہاروں کے ساتھ۔ وہ دنیا گئی تاجداروں کے ساتھ
زمانہ گیا رہ گئی داستان - وہ دلّی وہ دلّی کی گلیاں کہاں

گانا نمبر ۲

ہر بات پوچھیے یہ حقیقت نہ پوچھیے۔ ہم کو کسی سے کیوں ہے محبت نہ پوچھیے
ہم نے کسی کے عشق میں اپنا کیا یہ حال۔ اُٹھی ہوئی نظر ہے تو بہکی ہوئی ہے چال
آنکھوں سے دیکھیے میری حالت نہ پوچھیے
کرتے نہیں نگاہ کسی پر وہ بھول کر۔ ہم آئینہ بھی دیکھیں تو کرتے ہیں وہ نظر
اتنی ہمیں یہ کیوں ہے عنایت نہ پوچھیے
ہم نے کہا کہ چلیئے ذرا دیکھ بھال کے۔ بیٹھے وہ کس ادا سے دوپٹہ سنبھال کے
دل پر گزر گئی جو قیامت نہ پوچھیے --- ہر بات پوچھیے....

گانا نمبر ۳

جل چکی ہے جو اُن کی نظر تو کیا کیجیے۔
دنیا کا تھام کے دامن یہ التجا کیجیے
جادو انگال کا پورب نہ جیتو بابل --- جادو نگرا...
جتنے جمی دل یہ حبالی کا تر سہنا پڑا

جلا کے آشیاں اپنا قفس میں رہنا پڑا
لکھا ہے کون سے پتھر پہ لیلےٰ کا نصیب
کہ تھام کے چاک کلیجہ زباں سے کہنا پڑا
جادو بڑا ابنگال کا ....
روز کرتے ہو بہانے تمہیں ہم جان گئے
کوئی جانے یا نہ جانے تمہیں ہم جان گئے
نہ جیئو میرے بالما بورب نہ جیئو ـــ جادو بڑا ابنگال کا ...

گانا نمبر ۳

بہک چلے میرے نینا۔ ہائے نہ جانے یہ کیسی چلی ہوا
کیوں نہ لگی پلک کل رات کو مجھے یہ کیا ہو گیا
آنچل سے میرا ہاتھ ہے نہ نین رہیں میرے جھکے جھکے
گھڑی گھڑی کیوں درپن کے آگے الجھی لٹ نہ سلجھ سکے
مجھی کو میرے حال پر شرمانا کوئی سکھلا گیا ـــ کیوں نہ لگی ...
خاموشیوں میں دل کی کوئی گیت گا رہا ہے
آنکھوں میں مسکرا کے ہنسنا سکھا رہا ہے
میں ہوں کہیں میرا دل ہے کہیں کوئی کیسا جادو چلا گیا ـــ کیوں نہ لگی ...
من میں رنگ جھنک یہ کیسی ناچ رہے کیوں پاؤں میرے
یہ طوفان یہ ہلچل کیسی من موسم کیوں گھٹا گھرے
گھڑی گھڑی مچلے جیا، جیسے مجھ سے لڑکپن آ گیا ـــ کیوں نہ لگی ...

گانا نمبر ۴

قطب مینار پر چڑھ کر یہ دنیا کو بتانا ہے
اری دنیا یہ گلشن اپنی شبنم کا دیوانہ ہے

گلشن:۔ اس دل میں یاد تمہاری آئی کبھی چار بجے کبھی پانچ بجے
تیرے دل کی مرغی چلائی کبھی چار بجے کبھی پانچ بجے
جگنو بن کر تجھ کو ڈھونڈھا دلی کی گلیوں میں
شبنم:۔ او بلی ماروں کے بھونرے تو بدنام بہت گلیوں میں
تیری گھر گھر ہوگی رسوائی کبھی چار بجے کبھی پانچ بجے
گلشن:۔ تیرے پیار کی گٹھری سر پہ لئے ہم چاندنی چوک میں پھرتے رہے
میرے آنسو بنکر بیچارا تیرے گورے قدم پہ گرتے رہے
شبنم:۔ ہوئی گھٹنہ گھر پہ پٹوائی کبھی چار بجے کبھی پانچ بجے
گلشن:۔ انکار نہ کر چل ساتھ میرے تجھے دلی کی سیر کراؤنگا
تجھے لال قلعہ دکھاؤنگا۔ جنتر منتر لے جاؤنگا
سوہن حلوا کھلاؤنگا تجھے دہی بڑے چٹواؤنگا
اور دال بھاجی مٹھواؤنگا تجھے ناک چنے چبواؤنگا
تجھے وہ دکان دکھلاؤنگا۔ جہاں مکھیاں مارے حلوائی
کبھی چار بجے کبھی پانچ بجے ۔ اس دل میں....

گانا نمبر ۶

بنو کے ہاتھ بھری مہندی گھونگھٹ کوئی آ کے اٹھا دے
سر سے باندھے پھولوں کا سہرا۔ گھوڑے پہ آئے سوار۔ گھونگھٹ....
من میں چٹکیں ارماں کی کلیاں نینوں سے چھانکے بہار۔ گھونگھٹ...
پل گنے گئے اس دن کی خاطر۔ بچپن سے تھا انتظار۔ گھونگھٹ...

گانا نمبر ۷

ہمیں اے دل کہیں لے چل بڑا تیرا کرم ہوگا
ہمارے دم سے ہے ہر غم نہ ہم ہونگے نہ غم ہوگا

خبر کیا تھی بہار آکر ہمارے آشیانے پر
نئی بجلی گرائے گی نیا ہم پر ستم ہوگا
تمناؤں سے بدلی ہے نہ بدلے گی کبھی صورت
لکھا ہے جو مقدر میں وہی تیری قسم ہوگا — ہمیں اے دل...

گانا نمبر ۸

اینرم اینرم اینرم زی۔ جتنے بھی غم ہیں غلط کر لیں کہ دنیا ہے دو دن کی
سارے جہاں کی بہاریں۔ پیار سے تیرا ہی نام پکاریں
جھوم کے پی لے مئے الفت کے جام کی — اینرم اینرم...
چاند ہوا یہ ستارے۔ دیکھو ہمارے ہیں آج ہمارے
پیار میں جی لے یہ باتیں ہیں کام کی — اینرم اینرم...

گانا نمبر ۹

آ جائیں جانے والے لوٹ آئیں بہاریں
آ، آ اے پپیہے پی کو ذرا مل کے پکاریں
تیرا بھی وہی غم ہے میرا بھی وہی غم
دونوں کے دلوں میں ہے اک درد کا عالم
بگڑی ہوئی تقدیریں آ مل کے سنواریں — آ، آ اے پپیہے...
آئے نہ وہ تو اک دن یہ شمع جلا کے
جل جائیں گے گھونگھٹ میں ہم آگ لگا کے
بلم بن اکیلی راتیں کیسے ہم گزاریں — آ، آ اے پپیہے...

گانا نمبر ۱۰

تیرا دل کہاں ہے سب کچھ یہاں ہے
تو بھی جواں یہ رت بھی جواں سارا جہاں — تیرا دل کہاں...

آنکھوں میں آ کے دِل میں سمانا ہے — تیرا دِل کہاں ۔۔۔

گانا نمبر ۱۱

اے خدا مجبور کی فریاد ہے
تیری دُنیا میں کوئی برباد ہے
یا خُدا پھر اُٹھا خُدا کے سامنے ۔ جائیں ہم اب کِس کا دامن تھامنے
بھیک دے بن کر سوالی آئے ہیں
تیرے در پر ہاتھ خالی آئے ہیں
کِس لئے تیرے کرم میں دیر ہے ۔ پھیر دے تقدیر کا گر پھیر ہے

گانا نمبر ۱۲

دِل کی شکایت نظر کے شکوے ایک زباں اور لاکھ بیاں
چھپا سکوں نہ دکھا سکوں میرے دِل کے درد بھی ہو گئے جواں
چاند ہنسا، تارے چمکے، اور مست ہوا جب لہرائی
چھیڑتی پھری نہ جانے کیوں، میں جانے کیوں میں شرمائی
تیرے سوا کون ہے کون جو سمجھے کیا گزری مجھ پہ یہاں — چھپا سکوں۔۔
جینے میں بھی مل نہ سکے ہم، نیند بھی تیرے ساتھ گئی
ساون آگ لگا کے چل دیا رو رو کے برسات گئی
میں اپنی تقدیر پہ روئی مجھ پہ ہنسا ہے درد جہاں — چھپا سکوں۔۔
تھوڑے لکھے کو بہت سمجھنا ہے نہیں یہ افسانے
دِل مجبور بھر آتا ہے، چھلک اُٹھے ہیں پیمانے
خط میں جہاں آنسو گرا ہے لکھا ہے میں نے پیار وہاں
چھپا سکوں نہ ۔۔۔۔۔

(ختم شد)

صنعت وحرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کردیا ہے۔ کسطرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے آزمودہ سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھاکر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن اصلی کپڑوں شلوار بشرٹ۔ ٹیلر کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا قیمت -/3 محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانہ مردانے قریبا ۲۰۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گھر بیٹھے نئے ڈیزائن بنا سکتا ہے۔ ہر درزی کاندار کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف -/4/2 محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار چٹنی مربے۔ شربت عرق کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ سرمہ۔ پیٹنٹ دوائیوں کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزاروں روپے کے قیمتی آزمودہ نسخے جو لوگوں سے اختریاں پیدا کر بنوالے راز تحریر کردیے گئے ہیں۔ قیمت -/1/8 محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بے حد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کانن دیوی، نرگس، ثریا، گیتا بالی، مینا، نمی، ریحانہ، ذہبنی مالا، سکینہ، شیاما، اوشا کرن، نرمدا کے اور اشوک کمار، دلیپ کمار، دیو آنند، موتی لال، کرن دیوان، کشور کمار، پردیپ کمار، راج کپور، بھارت بھوشن وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ قیمت ۔/۱/عہ محصولڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانے والی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام مشہور گانے جمع کیے ہیں۔ قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار، چٹنی، مربے، شربت، عرق، کشتہ، چورن، معجون، خمیرہ، منجن، ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزارہا روپے کے قیمتی فارمولے کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز ظاہر کر دیئے گئے ہیں۔ قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: **رحمٰن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی**